# امام اور امت کے حقوق وفرائض

<"xml encoding="UTF-8?>

امام اور امت کے حقوق وفرائض

(۱)امام علیa:امام کافرض ھے کہ وہ خدائی فرامین کے مطابق فیصلہ کرے اور امانت کو اداکرے جب وہ ایساکرے گاتولوگوں کے لئے فرض بن جاتاھے کہ اس کے فرامین کوسنیں اور اطاعت کریں اور جب انھیں پکارجائے تو لبیک کھیں۔

(۲)امام علیa:امام بعد یقیناًحکمران پر حق یہ ھے کہ اسے خداکی طرف سے ملنے والی فضیلت اور اس سے مخصوص ھونے والی مھربانی اسے تبدیل نہ کردے اور اللہ تعالیٰ نے اسے جونعمتیں عطا فرمائی ھیں وہ اسے بندگان خداکے اور قریب کردیں اور اپنے بھائیوں کے ساتھ نرمی کے اضافے کا موجب بنیں آگاہ رھو کہ تمھارا حق مجھ پر یہ ھے کہ میں تم سے جنگی رازوں کے علاوہ کسی رازکونہ چھپاؤں اور فیصلہ طلب امور کے علاوہ کوئی چیزتم سے مخفی نہ رکھو ں،تمھارے لئے کسی حق کو اس کی اصل جگہ سے نہ ھٹاؤں ،کسی حقدار کو چھوڑکرکسی غیر مستحق کو نہ نوازوں اور حق کے معاملح میں تم سب کو یکساں سمجھوں جب میں ایسا کروں گا توتم پر اللہ کی نعمت اور میری اطاعت فرض ھوجائے گی۔